AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 05 October 2026
Time : 07:40 / PM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔لیفٹیننٹ گورنر کی زرعی انجینئروں سے کھیتوں میں کام آنے والی تکنیک تیار کرنے کی تاکید//زرعی شعبے میں خواتین کا رول بھی کیا اجاگر۔

✓ ۲ ۔۔۔۔جموں وکشمیر میں شہری بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی غرض سے **2026** کی کامن ڈکٹ پالیسی نافذ//وزارتی کونسل نے دی منظوری۔

✓ ۳ ۔۔۔۔سپریم کورٹ نے اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار کے خلاف سردست عبوری حکمنامہ جاری کرنے سے کیا انکار۔

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔عالمی یوم اساتذہ اورورلڈ ہیبی ٹیٹ ڈے کے موقعے پر تقاریب کا انعقاد۔

LG

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے زرعی انجینئروں سے ایک ایسی تکنیک تیار کرنے کیلئے کہا ہے جو مون سون کے حالات اور کسانوں کے بجٹ کے مطابق حقیقی معنوں میں کھیتوں میں کام آسکے۔سکاسٹ کشمیر میں انڈین سوسائٹی آف ایگریکلچرل انجینئرس کے سالانہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے زرعی انجینئروں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی کامیابی کا پیمانہ محض تیار کئے گئے **Patents** اور تحقیقی مواد سے نہ لگائیں بلکہ اس بات سے کہ آیا کشمیر کے اننت ناگ اور امرتسر یا کولہ کے کسان کی حالت چار پانچ سال میں بہتر ہوئی یا نہیں۔ایل جی نے زرعی ٹیکنالوجی میں خواتین کی قیادت کو اختیار کرنے اور خواتین اختراع کاروں کو بااختیار بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اب ہمیں خوراک کی یقینی فراہمی سے آگے چل کر زرعی پیداوار کے شعبے میں ایک قائدانہ رول ادا کرنے کی سمت پیش قدمی کرنی چاہئے۔

------**LG**------

کنکلیو میں زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار، سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی اور **ISAE** کے صدر ڈاکٹر ایس این جھا بھی موجود تھے۔

ڈکٹ پالیسی

حکومت نے وزارتی کونسل کی منظوری کے بعد جموں وکشمیر کامن ڈکٹ پالیسی 2026 نافذ کر دی ہے۔اس کو جموں وکشمیر میں شہری بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت مانا جارہا ہے۔وزیر اعلیٰ کی طرف سے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی گئی جانکاری کے مطابق پالیسی کے تحت بجلی، پانی، ٹیلی کام، گیس اور ڈیجیٹل نیٹ ورکس کیلئے مشترکہ زیرِ زمین ڈکٹ سسٹم قائم کیا جائے گا۔جبکہ نئی سڑکوں کی تعمیر کے دوران ڈکٹ کی فراہمی لازمی ہوگی اور موجودہ سڑکوں پر یہ نظام مرحلہ وار طریقے پر انجام دیا جائے گا۔حکومت کے مطابق اس اقدام سے بار بار سڑکوں کی کھدائی، مرمت کے اخراجات میں کمی کے ساتھ ساتھ بنیادی خدمات کی بہتر منصوبہ بندی ممکن ہوگی۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار پر ،لگے اِن الزامات کے پیش نظر کہ انہوں نے ووٹر فہرستوں میں خصوصی اور جامع نظرثانی کے دوران بعض معاملات کو لے کر یکطرفہ فیصلے لئے ہیں،کوئی عبوری حکمنامہ جاری کرنے سے انکار کردیا ہے۔اس سلسلے میں چیف جسٹس ،جسٹس سوریہ کانت کی قیادت والی ایک بینچ نے مرکز ، انتخابی کمیشن اور دیگر جواب دہندگان کے نام نوٹس جاری کئے ہیں۔عرضی گذاروں نے الزام عائد کیا ہے کہ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے دیگر انتخابی کمشنروں کی تائید کے بغیر **SIR** سے جڑے کئی فیصلے لئے ہیں۔بینچ نے کہا کہ جواب دہندگان کے جوابات کی جانچ کے بعد پہلے یہ دیکھا جائے گا کہ آیا کسی قانونی التزام کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔

اسمبلی ملتوی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے موسم خزاں کے اجلاس کو باضابطہ طور پر ملتوی کردیا ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے آج جموں وکشمیر تنظیم نو ایکٹ **2019** کی دفعہ **18** کی ذیلی دفعہ **2** اور **Clause(a)** کے تحت اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ایک حکمنامہ جاری کیا۔

درخشاں اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے کہا ہے کہ ترقی اب جموں وکشمیر وقف بورڈ کی پہچان بن چکی ہے اور یہ مشن جاری رہے گا۔آج چرارشریف میں شیخ العالم حضرت شیخ نورالدین نورانی رحمتہ اللہ علیہ کے آستان عالیہ کے احاطے میں نئے تعمیر شدہ کمپلیکس اور ہائی ٹیک کانفرنس ہال کا افتتاح کرنے کے بعد اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وقف بورڈ منصوبہ بند بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور موثر انتظام کے ذریعے مذہبی اداروں میں بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے۔

یومِ اساتذہ

آج اساتذہ کا عالمی دن ہے۔اس دن کو منانے کا مقصد معاشرے میں اساتذہ کے اہم کردار کو اجاگر کرنا اور تعلیم کے فروغ میں ان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنا ہے۔عالمی یومِ اساتذہ کے موقع پر تعلیمی اداروں میں خصوصی تقریبات، سیمینار اور دیگر پروگرام منعقد کئے گئے۔اساتذہ نئی نسل کی علمی، اخلاقی اور سماجی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔اس موقع پر اساتذہ کے مسائل کے حل اور بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی پر بھی زور دیا گیا۔

عالمی دن

دنیا بھر میں آج عالمی ہیبی ٹیٹ ڈے منایا گیا۔یہ دن ہر سال اکتوبر کے پہلے سوموار کو منایا جاتا ہے۔اس دن کا مقصد ہر فرد کیلئے محفوظ، مناسب اور پائیدار رہن سہن کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ورلڈ ہیبیٹیٹ ڈے کے موقع پر آج سرینگر میں انسٹی چیوشن آف انجینئرس جموں و کشمیر سٹیٹ سینٹر نے "Adequate Housing for All" موضوع سے ایک تکنیکی بات چیت اور پینل مباحثہ منعقد کیا جس دوران ماہرین نے بڑھتی ہوئی آبادی، شہری پھیلاؤ اور موسمیاتی تبدیلی کے باعث پیدا ہونے والے رہن سہن کے مسائل پر توجہ دینے کی ضرورت اجاگر کی۔اس پروگرام کے بارے میں انسٹی ٹیوٹ کے چیئرمین انجینئر فردوس احد بٹ نے ہمارے نمائندے شبیر الزماں سے بات کرتے ہوئے کہا۔

------Engineer Firdous-------

NC

نیشنل کانفرنس کے ضلع سرینگر کی مجلس عاملہ کا ایک خصوصی اجلاس آج پارٹی ہیڈ کوارٹر سرینگر میں منعقد ہوا جس میں مجلس عاملہ کے اراکین کے علاوہ ضلع سرینگر سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی نے شرکت کی۔مجلس عاملہ سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی سپریمو ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ کسی بھی تنظیم کی سب سے بڑی کامیابی اس کی بالادستی، اندرون ربط وضبط اور آئین و دستور کی پاسداری میں مضمر ہوتی ہے۔ڈاکٹر عبداللہ نے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ ہر سطح پر اور ہر وقت پارٹی کے آئین کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں۔

BJP

پردیش بی جے پی کی طرف سے آج جموں کے پُرمنڈل اور وجے پور علاقوں میں ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ مہم کے تحت جانکاری پروگراموں کا سلسلہ جاری رہا جو خواتین، بچوں اور نوجوانوں کی ترقی اور بہبودی پر مرکوز تھے۔ پُرمنڈل میں ایک آنگن واڑی سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے پردیش بی جے پی صدر اور راجیہ سبھا کے رکن ست شرما نے کہا کہ عوامی خدمت کا سرچشمہ اصل میں زمینی سطح پر اہل مستحقین تک پہنچنے اور انہیں بہبودی اسکیموں کے بارے میں روشناس کرانے میں ہے۔

کھٹانہ

بی جے پی لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی میں بھارت نے سیمی کنڈکٹر اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس پیش رفت کی بدولت جدید ٹیکنالوجی اور مال سازی کے شعبے میں عالمی سطح پر بھارت کی پوزیشن نمایاں ہوئی ہے جبکہ سیمی کنڈکٹر شعبے کے نمو کی وجہ سے ملک کے انجینئروں، اختراع کاروں اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کو ررکریٹیکل ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھارت کے رول کو مزید تقویت بخشنے کیلئے مواقعے فراہم ہوئے ہیں۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

GONG

PM

بھارت اور سویٹزرلینڈ نے ٹرانسپورٹیشن ٹیکنالوجیز، نقل وحمل کے نظاموں اور بنیادی ڈھانچے کے شعبہ جات کے فروغ اور اشتراک سے متعلق کئی معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ یہ دستخط بھارت کے دورے پر آئے ہوئے سویٹزرلینڈ کے صدر **Guy Parmelin** اور وزیر اعظم نریندر کے درمیان دوطرفہ مذاکرات کے موقعے پر کئے گئے۔ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں وزیر اعظم نے بھارت اور سویٹزرلینڈ کے باہمی تعلقات کو مزید بہتر بنانے کیلئے سویٹزرلینڈ کے صدر کے عزم کو سراہا۔

------PM Modi-----

جن سیوا

وزیراعظم نریندر مودی عوامی خدمت کے اپنے سفر کے **25** سال مکمل کر رہے ہیں۔ ان **25** برسوں کے سفر کی کامیابی وزیراعظم کے ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے جذبے سے واضح ہوجاتی ہے۔ اس خصوصی سیریز کے سلسلے میں سماعت کریں ''**A New Normal Against Terror**'' سے متعلق ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

..........Report.........

سمینار

جموں وکشمیر پنجاب ساہتیہ سبھا سرینگر نے جموں وکشمیر کلچرل اکیڈمی کے اشتراک سے ٹیگور ہال سرینگر میں ایک روزہ پنجابی سمینار کا انعقاد کیا۔ پنجابی ساہتیہ سبھا سرینگر کے **59** ویں یوم تاسیس کے موقعے پر منعقدہ اس سمینار میں یوٹی سے تعلق رکھنے والے معروف پنجابی زبان کے قلمکاروں، شعراء، سکالروں اور ادیبوں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر جموں وکشمیر کلچرل اکیڈمی کی سیکرٹری ہرویندر کور نے پنجابی ساہتیہ سبھا سرینگر کو پنجابی زبان اور ادب کو فروغ دینے کیلئے ان کے رول کو سراہا۔

بانڈی پورہ

آج بانڈی پورہ کے گرلز ہائر سکینڈری اسکول میں جموں وکشمیر کلچرل اکیڈمی اور چیف ایجوکیشن آفس بانڈی پورہ کے باہمی اشتراک سے ایک روزہ ادبی تقریب کا انعقاد ہوا۔تقریب میں مقالہ خوانی،محفل مشاعرہ اور کتاب رونمائی کی نشستیں منعقد ہوئیں جس میں شعراء، ادباء، ماہر تعلیم اور تدریسی عملے کے ساتھ ساتھ طلباء کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب کی صدارت معروف قلمکار پروفیسر اسماعیل آشنہ نے کی جبکہ اس موقعے پر قلمکار مسعود حسن سامون مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔

KFTA

کشمیر فلم اینڈ ٹیلی ویژن ایسوسی ایشن کے اعلیٰ سطحی وفد نے ایسوسی ایشن کے چیئرمین مشتاق علی احمد خان کی قیادت میں آج سرینگر میں نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق سے ملاقات کرکے انہیں یوٹی میں فلم سازی سے تعلق رکھنے والے پیشہ وروں کو درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری دی۔

وائلڈ لائف ویک

ملک میں **2** اکتوبر سے **8** اکتوبر تک منائے جارہے وائلڈ لائف ویک کے سلسلے میں جموں وکشمیر وائلڈ لائف پروٹکشن ڈیپارٹمنٹ یوٹی بھر میں کئی پروگراموں کا انعقاد کررہا ہے۔اس دوران قدرتی پناہ گاہوں کا تحفظ، ماحولیاتی رابطہ اور جنگلی حیات کو محفوظ رکھنے میں عوامی شرکت کی حوصلہ افزائی پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔اس سلسلے میں رام نگر وائلڈ لائف سنکچیوری میں **Walk for wildlife, walk for drug free society** کے موضوع کے تحت ایک تہذیبی ورثے کی ایک دوڑ کا اہتمام کیا گیا جس میں طلباء، مختلف محکموں کے ملازمین، محققین، فطرت کے شائقین اور مقامی لوگوں کی ایک بھاری تعداد نے شرکت کی۔

سنچار ساتھی

مرکزی وزارت مواصلات نے جانکاری دی ہے کہ ’’سنچار ساتھی پورٹل‘‘ کا اب تک **30** کروڑ لوگوں نے استعمال کیا ہے۔اس پورٹل کے ذریعے موبائل صارفین، محکمے کو مشکوک ٹیلی فون کالز اور مسیجوں کے بارے میں احسن طریقے سے جانکاری دے سکتے ہیں جبکہ ایک صارف کو اس کے نام کے تحت استعمال کئے جارہے موبائل کنکشنوں کے بارے میں بھی جانکاری فراہم کی جاتی ہے۔وزارت کے ٹیلی کمیونیکیشن محکمے کی جانب سے تیار کردہ اس پورٹل کو مئی **2023** میں شروع کیا گیا تھا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30.8** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **12.3** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **28** منٹ اور غروب آفتاب شام **6** بجکر **8** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔